© rasailojaraid.com


● سہ ماہی **الصدیق** مدیر اعلیٰ: مولانا عبدالرف بادشاہ مدیر: مولانا مفتی منفعت احمد
ضخامت: ۱۲۰ صفحات قیمت: ۸۰ روپے ناشر: معہد الصدیق بام خیل صوابی

معہدالصدیق للدراسات الاسلامیة کے پی کے ضلع صوابی موضع بام خیل گزشتہ دو عشروں سے دینی علوم کی اشاعت میں کئی پہلوؤں سے ایک منفرد حیثیت اور مقام رکھتی ہے، سادات خاندان کے چشم و چراغ مولانا عبدالروف بادشاہ صاحب اپنی گوناگوں نجی مصروفیات کے باوجود ادارے کی ظاہری اور باطنی ترقی کے لئے دن رات ایک کئے ہوئے ہیں، موصوف درس نظامی کی روایتی تدریس کے ساتھ ساتھ معہد میں عرصہ دراز سے تصنیف وتالیف کا باقاعدہ شعبہ قائم کرنے کا عزم مصمم کئے ہوئے تھے، جس کا قیام بالآخر سہ ماہی ''الصدیق'' کی صورت میں ممکن ہوسکا، امید ہے یہ مبارک سلسلہ یہاں نہیں رکے گا بلکہ مسلسل ترقی کرتا رہے گا، ان شاءاللہ، زیر تبصرہ شمارہ انتخاب، ترتیب وتدوین، ندرت مضامین، افکار ونظریات کی تنوع، تحقیق، اردو زبان وادب کی چاشنی، اور اعلیٰ قسم کی طباعت سے مدیر کی شب وروز کی محنت ہر صاحب ذوق محسوس کرسکتا ہے، مجلّہ کے مدیر اعلیٰ مولانا عبدالرؤف بادشاہ اور مدیر مولانا منفعت احمد کی انتھک محنتوں، کام کی لگن، مطلوبہ صلاحیتیں زیر نظر شمارے کے ورق ورق ان صفات کی گواہی دے رہا ہے، وہ اپنی متنوع خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دارالصدیق لنشرالبحوث الاسلامیہ والعلمیہ کے اس نقش اول کو ایک علمی اور تحقیقی مجلّاتی سوغات بنانے میں کامیاب ہوئے اور وہ دن دور نہیں کہ ''الصدیق'' ملک کے تحقیقی اور معیاری علمی مجلات میں اپنا مقام بنا سکے۔ مدیر صاحب پہلے ہی شمارے میں ملک وبیرون ملک، علم اور تحقیق کے آسمان کے بڑے بڑے درخشندہ ستاروں سے اپنا دامن سجانے میں کامیاب ہوئے ہیں، جو اس مشکل ترین سفر میں استقامت اور تسلسل کیلئے نیک فال ہے، امید ہے اس سلسلے میں مزید کوشش کی جائے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا، اللہ کریم اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت بخشے اور مزید دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین (مبصر: مفتی بہادر خان حقانی)

● خلاصہ نور الیقین فی سیرة سیدالمرسلین مؤلف: عمر عبدالجبار صاحب
ضخامت: ۲۳۵ صفحات ناشر: زم زم پبلشرز اُردو بازار کراچی

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس محتاج تعارف نہیں لیکن خوش قسمت ہے وہ صاحب قلم جو اس ذات پاک کی شخصیت پر لکھنے کی سعادت حاصل کرے، زیر تبصرہ کتاب خلاصة نور الیقین فی سیرة سید المرسلین دراصل نور الیقین فی سیرة سیدالمرسلین علامہ حضری بک پاشا رحمہ اللہ کی تصنیف لطیف کا ملخص ہے یہ کتاب سیرت کی کتابوں میں بہت شہرت رکھتے ہے، اسی شہرت کی بناء پر اس کا خلاصہ محترم عمر عبدالجبار رحمہ اللہ نے نہایت ہی سلیقے سے سیرت کے ابتدائی طلباء کیلئے پیش کیا جسے زم زم پبلشرز کے ارباب اہتمام نے نہایت خوش اسلوبی سے تیار کرکے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو مؤلفین کے بلندیٔ درجات کا ذریعہ اور ارباب اہتمام زم زم کی ترقیات کا وسیلہ بنادے۔ آمین (مبصر: محمد اسلام حقانی)

© rasailojaraid.com